ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 13 فروری 2020ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے کیماڑی میں اسپیشل برانچ سندھ پولیس کی عمارت کا افتتاح کیا۔ ایڈیشنل آئی جی، ڈی آئی جی اسپیشل برانچ اور ایس پی سیکیورٹی اسپیشل برانچ بھی موجود تھے۔

ڈی آئی جی اسپیشل برانچ نے متعلقہ محکمے کے تحت مختلف امور پر بریفنگ دی۔

- پرسن ویری فیکیشن عمل کو سینٹرلائز ڈ کر دیا گیا۔
- مختلف ویری فیکیشن سے متعلق عوام کو درپیش مسائل کو ختم کیا جارہا ہے۔
- پرسن یا دیگر تصدیقی عمل اب ون ونڈو آپریشن کے تحت ہونگے۔
- تصدیق کا عمل ایک ہفتے تا پندرہ دنوں کے اندر لازماً مکمل کرلیا جائیگا۔ ڈی آئی جی اسپیشل برانچ

- تصدیق کے عمل میں میرٹ کو ملحوظ خاطر رکھا جائے اور شہریوں کو کسی بھی قسم کی پریشانی میں مبتلا نہ کیا جائے۔
- ویری فیکیشن کے جملہ امور کو تیز ترین، شفاف اور غیر جانبدارانہ بنایا جائے۔
- ون ونڈو آپریشن کے ضمن میں ایس پی سیکیورٹی اسپیشل برانچ کی پوسٹنگ اسی عمارت میں رکھی جائے۔
- ویری فیکشن عمل سے وابستہ افسران کو موٹر سائیکلیں آلاٹ کردی گئیں ہیں۔
- مختلف نوعیت کی ویری فیکشن پر مامور اسٹاف کو دیگر کوئی ذمہ داری نہیں دی جائیگی۔ آئی جی سندھ

۔۔۔